# BOARD OF MANAGEMENT
## MULTAN INDUSTRIAL ESTATE MULTAN

Multan Industrial Estate

# نوٹس

BOM/2023/ 1147

Dated: 14-11-2023

**عنوان:۔ برائے فوری کنٹرول واقدامات ڈینگی مچھر**

تمام معزز کارخانہ داران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حالیہ سیزن میں ڈینگی لاروا پھیلنے کے واقعات میں اضافہ ہورہا ہے۔آپ ڈینگی کو کنٹرول کرنے کے لئے غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔تمام یونٹس کے لیئے ضروری ہے کے ڈینگی روکنے کے لیئے احتیاطی تدابیر کو سختی سے اپنائیں۔آپ سے گذارش ہے کہ مندرجہ ذیل اقدامات پر فی الفور عمل درآمد کریں اور ڈینگی کو مات دیں۔

1 یونٹس میں صفائی کو یقینی بنائیں

2 یونٹس میں کاٹھ کباڑ اور کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے سے تلف کریں۔

3 یونٹس میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔روم کولرز استعمال میں نہ ہوں تو پانی خشک کردیں۔

4 پرانے ٹائروں کو تلف کریں۔

5 یونٹس ملازمین کو ڈینگی سے بچاؤ بارے آگاہی مہم فراہم کریں۔

6 بارش کا پانی کسی بھی جگہ جمع نہ ہونے دیں۔

7 یونٹس میں ڈینگی سپرے کروائیں۔

8 آرائیشی گملوں، زیر تعمیر عمارتوں، نرسریوں میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں کیونکہ یہ جگہیں ڈینگی کی افزائش کا باعث ہیں۔

9 ماحول کو صاف رکھیں اور آلودگی سے بچائیں۔

10 واش رومز کے پائپ وغیرہ اگر لیک کررہے ہوں تو ان کی مرمت کا فوری بندوبست کیا جائے۔

11 ایئر کنڈیشنز سے خارج ہونے والا پانی زیادہ دیر کھڑا نہ رہنے دیا جائے اور اسکی نکاسی کا مناسب بندوبست کیا جائے۔

عدم تعمیل کی صورت میں ضروری کاروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

ایم ہاشم خان

اسٹیٹ منیجر بورڈ آف منیجمنٹ انڈسٹریل اسٹیٹ، ملتان

Admin Block Commercial Area Multan Industrial Estate Phase-II Multan.
Tel: 061-6537177, 9330968-69-70 Fax: 061-6539159, Help Line # 1032
Email: info@mie.com.pk, Website: www.mie.com.pk

CamScanner